CAREERINDIA

# CCE PR

## Code No. 12-U

# Subject : First Language – URDU

**( New Syllabus )**

**( Private Repeater )**

www.careerindia.com

عام ہدایات :

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی اور موضوعی قسم کے جملہ 63 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) سوال مع جواب کے کتابچہ تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ حصّہ 'الف'، حصّہ 'ب'، اور حصہ 'ج'۔

v) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

vi) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی۔

vii) کثیر انتخابی/معروضی اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

viii) درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

ix) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

x) بائیں جانب کے حاشیئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 15 × 1 = 15

1. حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟

2. خطبۂ حجۃ الوداع کے بعد کس صحابیؓ نے اذان دی ؟

3. یمین الدین آگے چل کر کس نام سے مشہور ہوئے ؟

4. شاعرہ کسی اور در سے اُجالا کیوں نہیں مانگنا چاہتی ؟

5. احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اردو سیکھی ؟

6. کس شہر کو سوانح نگار نے ثقافت کا مرکز کہا ہے ؟

7. عدل و حق کا سب سے بہتر ذریعہ کس کے ہاتھ میں ہے ؟

8. پریس کے نمائندے کیوں حیران تھے ؟

9. کلیاں کب ہنس پڑتی ہیں ؟

10. شاعر فراقؔ گورکھپوری کو کس نے پالا تھا ؟

11. مچھر بلدیہ والوں کو کیا تنبیہ کرتا ہے ؟

12. حضورؐ نے عورتوں کے بارے میں کیا فرمایا ؟

13. رباعیات میں کونسے موضوعات بیان کئے جاتے ہیں ؟

14. امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟

15. آزاد نظم کی تعریف کیجئے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 12 × 2 = 24

16. پہلے دن مصنف دوبارہ تین بجے سونے کے بعد پھر کس وقت بیدار ہوئے ؟

17. نسلِ آدم کو اللہ نے آزادی دی مگر زمینی لکیروں (سرحدوں) سے اُسکی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



18. تلوک چند محروم رباعی میں کس بات کا پیغام دے رہے ہیں ؟

19. زعفران کی اچھی نشو و نما کے لئے کونسا موسم سازگار ہوتا ہے ؟

20. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

21. زعفران میں کون کون سے کیمیاوی اجزا پائے جاتے ہیں ؟

22. درخت پھولوں کے گہنے کب پہنتے ہیں ؟

23. نظم جگنو میں یتیم بچے کی بے چینی کا اظہار کس طرح کیا گیا ہے ؟

24. بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی ؟

25. غلام اور خدام کے حسین سلوک کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

26. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

27. شاعر دلاور فگار نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں قرار دیا ؟

درج ذیل جملوں کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے : $3 \times 3 = 9$

28. ''ہمارے حصّے میں یہ مجرموں کا کٹہرا آیا ہے۔ تمہارے حصّے میں مجسٹریٹ کی کرسی''

29. ''یادوں کے آئینے میں سجی ہوئی ہر تصویر حسین بھی ہو جاتی ہے اور عزیز بھی''

30. ''بھائیو ! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں''

ذیل میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے : $1 \times 3 = 3$

31. (i) سید سلیمان ندوی (ii) ادا جعفری

ذیل میں کسی ایک کا تعارف لکھئے : $1 \times 3 = 3$

32. (i) میر انیسؔ (ii) علامہ اقبال



www.careerindia.com

CAREERINDIA



درج ذیل اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے : 3 × 3 = 9

33. نہ سنو، گر بُرا کہے کوئی
نہ کہو، گر بُرا کرے کوئی

34. یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

35. فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ کرید تے
کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

36. حضرت زینبؓ کے اضطراب پر حضرت امام حسینؓ کا کیا ردِ عمل تھا ؟

37. مصنف کو جب پتہ چلا کہ صبح کے تین بجے ہیں تو ان کے دل نے کیا چاہا ؟

38. نعت کے ابتدائی چار اشعار یا مرثیہ کے آخری دو بند اپنی یادداشت کی مدد سے لکھئے۔ 1 × 4 = 4

39. درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ خوشخط لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) رشوت (ii) آمدِ بہار

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب مطلوب ہیں : 2 × 4 = 8

40. امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پُل کیوں کہا گیا ؟

41. جوش کی نظم ''ماتمِ آزادی'' میں کس کس پر چوٹیں کی گئی ہیں ؟

**یا**

مولانا ابوالکلام آزاد کا اتفاق اور آزادی سے متعلق کیا عقیدہ تھا ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-B/حصّہ-ب

درجِ ذیل سوالات کے نیچے چار جوابات درج ہیں۔ موزوں ترین جواب چُن کر جواب کے لئے دی گئی جگہ پر لکھیں :

10 × 1 = 10

42. وہ جملہ جو دو مفرد جملوں سے بنا ہو

A) مفرد جملہ
B) مرکب جملہ
C) جملۂ انشائیہ
D) جملۂ خبریہ

43. لفظ بدلہ کا مترادف لفظ ہے

A) انتقام
B) انہدام
C) انجام
D) اقدام

44. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

A) مقطع
B) بیت الغزل
C) مطلع
D) تخلص

45. لفظ آقا کی ضد ہے

A) بادشاہ
B) دوست
C) مہربان
D) غلام

46. رباعی کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے ؟

A) دو
B) چار
C) تین
D) ایک

47. بدایوں قدامت پسند شہر ہے۔ مسندِ الیہ کی نشاندہی کیجئے

A) بدایوں
B) قدامت
C) پسند
D) شہر

www.careerindia.com

CAREERINDIA



48. معنوی اعتبار سے غیر موزوں لفظ الگ کیجئے

A) نیتا B) لیڈر

C) رہنما D) بدنما

49. درج ذیل شعر میں استعمال شدہ صنعت کی نشاندہی کیجئے:

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی

مرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

A) صنعتِ تضاد B) صنعتِ تلمیح

C) صنعتِ استعارہ D) صنعتِ تکرار

50. لفظ علم کی جمع ہے

A) علوم B) عالم

C) علماء D) عمل

51. جس شعر میں متضاد الفاظ استعمال ہوں ایسی صنعت..................۔

(جملہ مکمل کیجئے)

A) استعارہ ہے B) تشبیہ ہے

C) تضاد ہے D) تکرار ہے

پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ اور مناسبت ہے اسی طرح کا مناسب جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگائیے: 4 × 1 = 4

52. حجۃ الوداع : سید سلیمان ندوی : : بدایوں کے شام وسحر = ..................

53. اُجالا : اندھیرا : : شب = ..................

54. حکم : احکام : : منزل = ..................

55. پاک : ناپاک : : قابل = ..................

www.careerindia.com

CAREERINDIA



درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 3 × 2 = 6

56. صورت کے لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں اور مفرد جملہ کسے کہتے ہیں ؟

57. علم عروض اور بحر کی تعریف کیجئے۔

58. جملۂ استدراکی کی تعریف کیجئے اور ایک مثال پیش کیجئے۔

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

59. جملۂ خبریہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

60. صنعتِ تکرار یا صنعتِ تشبیہہ کی تعریف کرتے ہوئے اسکی ایک مثال پیش کیجئے۔

## PART-C/حصّہ - ج

61. اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر ہو۔ 1 × 5 = 5

یا

میر معلم/معلّمہ کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں علالت کے سبب تین یوم کی چھٹی کی گزارش کی گئی ہو۔

62. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 5 = 5

(i) ماحول کی آلودگی

(ii) جہیز کی لعنت

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات مختصر لکھئے : 4 × 1 = 4

63. صدرِ ہند ڈاکٹر عبدالکلام کا شمار دنیا کے عظیم ترین سائنسدانوں میں ہوتا ہے۔ اہل ہند اُنہیں بابائے میزائیل کہتے ہیں۔ وہ پہلے ہندوستانی سائنسدان ہیں جنہیں "پدم بھوشن"، "پدم وبھوشن" اور بھارت رتن کے اعزازات سے نوازا گیا۔ پوکھران دوم کے کامیاب تجرباتی دھماکے کے ذریعہ اُنہوں نے عوام کا دل جیت لیا۔

(i عبدالکلام کا شمار کن لوگوں میں ہوتا ہے ؟

(ii عبدالکلام کو کون کونسے اعزازات سے نوازا گیا ؟

(iii اہلِ ہند عبدالکلام کو کیا کہتے ہیں ؟

(iv عبدالکلام نے عوام کا دل کس طرح جیت لیا ؟

www.careerindia.com